ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 29 جون 2020ء:۔

1225 کے قریب افسران اور جوان کورونا وائرس سے متاثر ہوئے ہیں۔ ترجمان سندھ پولیس

گزشتہ چار روز کے دوران کورونا کے 80 نئے کیسز سامنے آئے۔

کورونا کے خلاف فرائض کی ادائیگی کے دوران 13 پولیس اہلکاروں نے شہادت پائی۔شہدائے پولیس میں گیارہ کا کراچی جبکہ دو کا حیدرآباد رینج سے تعلق تھا۔

زیرعلاج افسران اور جوانوں کی تعداد 894 ہے۔

318 افسران اور جوان صحتیاب ہوکر گھر جا چکے ہیں۔

کورونا سے متاثرہ اہلکاروں کا مکمل طور پر خیال رکھا جارہا ہے اور اس سلسلے روزانہ کی بنیاد پر اقدامات جاری ہیں۔

کورونا کے خلاف ہراول دستے کے طور پر کام کرنیوالے افسران اور جوان خدمت انسانیت کے لیئے انتہائی پرعزم اور بلند حوصلہ ہیں۔

ترجمان سندھ پولیس

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔